علماء فتـــــوٰی کونسل
ULAMA FATWA COUNCIL
لجنة العلماء للإفتاء

فتویٰ نمبر:[۱۳۲] بسم اللہ الرحمن الرحیم تاریخ:[۲۰۲۱/۹/۲۷]

سوال

اسلام میں چار شادیوں کی گنجائش ہے۔ میری ایک شادی ہوئی ہے،اور دوسری کرنا چاہتا ہوں۔ لیکن میری پہلی بیوی اتنی خطرناک ہے، کہ اگر میں دوسری شادی کروں تو ہو سکتا ہے، کہ مجھے شوٹ (قتل) کردے۔ میں پوچھنا یہ چاہتا ہوں کہ اسلام میں جب چار شادیوں کی گنجائش ہے،تو میری بیوی کے منع کرنے کے باوجود اگر میں شادی کروں اس پر وہ مجھے قتل کردے،تو کیا یہ شہادت کی موت ہو گی؟

جواب

الحمدللہ وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده!

جب آپ کو علم ہے کہ آپ کی بیوی اتنی خطرناک ہے کہ دوسری شادی کرنے پر آپ کو قتل کردے گی۔ تو اپنی جان خطرے میں نہ ڈالیں۔ اسلام میں چار شادیوں کی گنجائش اور اجازت ہے، لیکن یہ فرض نہیں ہے۔ اس لیے یہ شہادت نہیں بلکہ خودکشی کے مترادف ہے۔ لہذا آپ کے لیے مشورہ ہے، کہ پہلی بیوی کے ساتھ ہی خوش رہیں۔ اور مزید کا خیال دل سے نکال کر، مطمئن ہو کر زندگی گزاریں۔

وآخر دعوانا أن الحمد للہ رب العالمين

مفتیانِ کرام

فضیلۃ الشیخ ابو محمد عبد الستار حماد حفظہ اللہ

فضیلۃ الشیخ عبد الحلیم بلال حفظہ اللہ

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی حفظہ اللہ

فضیلۃ الدکتور عبد الرحمن یوسف مدنی حفظہ اللہ

فضیلۃ الشیخ سعید مجتبیٰ سعیدی حفظہ اللہ

فضیلۃ الشیخ ابو عدنان محمد منیر قمر حفظہ اللہ

فضیلۃ الشیخ حافظ عبد الرؤف سندھو حفظہ اللہ

فضیلۃ الشیخ محمد إدریس اثری حفظہ اللہ